AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت A.B.C CERTIFIED

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء

ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 | بدھ 17 شعبان 1445ھ 28 فروری 2024ء 16 پھاگن 2079ب | شمارہ نمبر 258

سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں دینے کا فیصلہ نہ ہوسکا، تمام پارلیمانی پارٹیوں کو نوٹس

ذاتی حیثیت میں نہیں بطور سیاسی جماعت آئے ہیں، ہم ان مخصوص نشستوں کے لیے آئے ہیں جو ابھی تک الاٹ نہیں کی گئیں، اعظم نذیر تارڑ کا مؤقف، سنی اتحاد کونسل کو آئین، قانون اور انصاف کے مطابق مخصوص نشستیں ملنی چاہئیں، بیرسٹر گوہر

ن لیگ، پیپلز پارٹی اور متحدہ کی درخواست ہے مخصوص نشستیں ان میں تقسیم کی جائیں، ممبر الیکشن کمیشن، الیکشن کمیشن تمام پارلیمانی جماعتوں کو فریق بنا کر نوٹسز جاری کرے، فاروق نائیک، یہ معاملات فیصلے کے لیے الیکشن کمیشن پر چھوڑ دیں، چیف کمشنر

اسلام آباد (میڈیا ورلڈ لائن) الیکشن کمیشن میں سنی اتحاد کونسل کی خصوصی نشستوں سے متعلق فیصلہ نہ ہوسکا اور ان کے خلاف 6 درخواستوں پر سماعت ایک روز کیلئے ملتوی کردی گئی۔ منگل کو چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 5 رکنی کمیشن نے درخواستوں پر سماعت کی۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے اعظم نذیر تارڑ، پیپلز پارٹی کی جانب سے فاروق نائیک، سنی اتحاد کونسل کی جانب سے بابر اعوان، بیرسٹر گوہر، بیرسٹر علی ظفر جبکہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی جانب سے بیرسٹر فروغ نسیم پیش ہوئے۔ سنی اتحاد کونسل کے وکیل علی ظفر نے موقف اپنایا کہ مخصوص نشستوں کی الاٹمنٹ کی درخواست دی تھی، نہیں معلوم یہ مخالف درخواست گزار کس لیے آئے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ذاتی حیثیت میں نہیں بطور سیاسی جماعت آئے ہیں، ہم ان مخصوص نشستوں کے (بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی آئین کو پامال کر کے مخصوص نشستیں لینا چاہتی ہے، عطا تارڑ

آپ نے فہرست جمع کرائی نہ ہی کاغذات نامزدگی تو مخصوص نشستیں کیسے ملیں گی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما عطا تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ آئین کو پامال کر کے مخصوص نشستیں لینا چاہتے ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ تحریک انصاف ہمیشہ آئین اور قانون کی خلاف ورزی کرتی ہے، سنی اتحاد کونسل نہ پنجاب میں موجود ہے نہ وفاق میں، آپ نے (بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

عارف علوی پر دو مقدمات ہوں گے، بلاول

ایک مقدمہ عدم اعتماد کے وقت اسمبلی توڑنے کا ہوگا اور دوسرا آئین کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس نہ بلانے کا ہوگا، مواخذے کے بجائے انتخابی عمل کے ذریعے عارف علوی کی جگہ دوسرا صدر لائیں گے

مواخذے کے بجائے انتخابی عمل کے ذریعے عارف علوی کی جگہ دوسرا صدر لائیں گے، آئین میں لکھا ہے ہر حال میں 29 فروری کو اسمبلی کا اجلاس بلانا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صدر عارف علوی پر آئین توڑنے کے دو مقدمات ہوں گے، عارف علوی پر ایک مقدمہ عدم اعتماد کے وقت اسمبلی توڑنے کا ہوگا اور دوسرا مقدمہ آئین کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس نہ بلانے (بقیہ نمبر 7)

کراچی، نگران وزیراعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول، الوداعی گارڈ آف آنر پیش کیا جارہا ہے

نگران وزیراعلیٰ سندھ نے

وزیراعلیٰ ہاؤس خالی کردیا

کراچی (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر نے وزیراعلیٰ ہاؤس کو الوداع کردیا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 6)

صوبے کے عوام کا آئین سے بھلا ہوگا، شور سے نہیں، ملک احمد خان

اگر تنقید سے اسمبلی کا لوگوں کے مسائل کا ادراک ہوسکتا ہے تو پھر تنقید کریں، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ صوبے کے 12 کروڑ عوام کا آئین سے بھلا ہوگا شور سے نہیں، اگر تنقید سے اسمبلی کا لوگوں کے مسائل کا ادراک ہوسکتا ہے تو پھر تنقید کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے اعزاز میں پنجاب اسمبلی میں ناشتے کے (بقیہ نمبر 8)

آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیں گے، وزیراعظم

آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ کو پانچ سال مکمل ہوگئے ہیں، ہم پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

کسی کو کچھ شک نہیں ہونا چاہیے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے، جو اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ کو پانچ سال مکمل ہوگئے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ کو پانچ سال مکمل ہوگئے ہیں، ہم پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں (بقیہ نمبر 3)

مریم نواز کے وزیراعلیٰ پنجاب

بننے پر (ن) لیگ کی خواتین

ارکان کا پنجاب اسمبلی کے سامنے جشن

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز کے وزیراعلیٰ پنجاب بننے پر پارٹی کی خواتین (بقیہ نمبر 5)

اچھرہ واقعہ غلط فہمی کی بنیاد پر ہوا، اے ایس پی شہر بانو

ہماری کوشش تھی امن وامان کی صورتحال خراب نہ ہو، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی خاتون پولیس آفیسر اے ایس پی گلبرگ شہر بانو نقوی نے کہا ہے کہ ہماری کوشش تھی کہ امن وامان کی صورتحال خراب نہ ہو، موقع سے 2 کلومیٹر کے فاصلے پر پی ایس ایل میچ تھا، کوشش تھی کہ روڈ بلاک نہ ہو۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 4)

190 ملین پاؤنڈ کیس، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد

فریم چارج کیا جارہا ہے، آپ بتائیں گلٹی ہیں یا نہیں؟ جج کا سوال، چارج شیٹ پڑھ کر کیا کرنا ہے؟ مجھے معلوم ہے اس میں کیا لکھا ہے، عمران خان کا جواب

دونوں ملزمان کا صحت جرم سے انکار، ہم اس کیس میں تاخیر نہیں چاہتے، 8 فروری سے پہلے نیب کو جلدی تھی، اب ہم چاہتے ہیں کہ سزا جلدی ہو، بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں قائم راولپنڈی کی احتساب عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد کردی تاہم بانی پی ٹی آئی و بشریٰ بی بی کا صحت جرم سے انکار کر دیا۔ منگل کو راولپنڈی کی احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے اڈیالہ جیل میں سماعت کی۔ دوران سماعت نیب کے ڈپٹی پراسیکیوٹر سردار مظفر عباسی اپنی ٹیم کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ فرد جرم عائد کرنے سے 7 دن قبل ریفرنس کی کاپیاں فراہم کرنا ہوتی ہیں، 50 کے قریب دستاویزات ایسی ہیں جو پڑھے جانے کے قابل نہیں، یہ دستاویزات اس ریفرنس کے اہمیت کی حامل ہیں، ہم فرد جرم عائد کرنے میں کوئی رکاوٹیں کھڑی کرنا نہیں چاہتے، عدالتی وقت میں دستاویزات فراہم کر دی جائیں، ہم 7 دن بعد دوبارہ آ جائیں گے، بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 9)

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان صحافیوں کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

مالیاتی امور میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

احتساب کا عمل پہلے سے کہیں زیادہ بہتر بنائیں گے، منصوبوں میں شفافیت کا عمل برقرار رکھا جائے، عوام کو معیاری علاج کی سہولت میسر ہونی چاہئے

صحت، دیگر شعبوں میں عوامی افادیت کے منصوبے جاری رکھے جائیں، مسائل کا فوری حل، جڑ تک پہنچ کر ختم کریں گے، کوئی سیاسی بھرتی نہیں ہوگی، خطاب

لاہور (این این آئی) نومنتخب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ مالیاتی امور میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، صحت اور دیگر شعبوں میں عوامی افادیت کے منصوبے جاری رکھے جائیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت دربار ہال سیکرٹریٹ میں اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں چیف سیکرٹری زاہد زمان اختر، چیئرمین پی اینڈ ڈی، سیکرٹری ہیلتھ اور سیکرٹری خزانہ نے نومنتخب وزیراعلیٰ کو محکموں کے افعال کار کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ مریم نواز نے اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈینگی اور پولیو سے بچاؤ پر توجہ دی جائے، عوام کو معیاری علاج کی سہولت میسر ہونی چاہیے، صحت اور دیگر شعبوں میں عوامی افادیت کے منصوبے جاری رکھے جائیں۔ مریم نواز نے کہا کہ خدمت کے جذبے سے سرشار، دیانتدار افسروں کو سلوٹ کرتی ہوں، میرٹ کی خلاف ورزی کروں گی نہ ہونے دوں گی، کوئی (بقیہ نمبر 10)

لاہور، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید بچوں کی اچھی صحت اور بہتر مستقبل کیلئے سیف کڈز مہم کے آغاز پر گفتگو کررہے ہیں

9 مئی کیس، پی ٹی آئی کے رہنما عامر مغل

کی ایک درخواست ضمانت کنفرم

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 11)

شیخ رشید کی ایک ہی الزام پر درج متعدد

مقدمات خارج کرنے کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے ایک ہی الزام پر درج (بقیہ نمبر 13)

وزیراعلیٰ مریم نواز صبح نو بجے اپنے دفتر پہنچ گئیں

شہریوں کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے، ٹریفک روکنے پر برہمی کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز صبح نو بجے اپنے دفتر پہنچ گئیں، ٹریفک روکنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ٹریفک مینجمنٹ کو ٹھیک کرنے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق مریم نواز صبح سوا آٹھ بجے رائے سے دفتر کے لئے روانہ ہوئیں اور 9 بجے دفتر پہنچ گئیں۔ مریم نواز (بقیہ نمبر 12)

ن لیگ کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس آج پارلیمنٹ ہاؤس میں طلب

اجلاس میں شہباز شریف کو وزیراعظم نامزد کرنے کے فیصلے کی توثیق کی جائے گی، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس آج (بدھ) طلب کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق (ن) لیگ کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں آج (بقیہ نمبر 14)

نواز شریف کی این اے 15 سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ

این اے 15 کا الیکشن نہ آئین، نہ الیکشن ایکٹ نہ الیکشن رول کے مطابق ہے، وکیل نواز شریف

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی این اے 15 سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا جبکہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف (بقیہ نمبر 15)

لاہور، معذور شائقین کرکٹ قذافی سٹیڈیم میں لاہور قلندرز اور ملتان سلطانز کے درمیان میچ دیکھ رہے ہیں

ہماری پارٹی جیتی ہوئی تھی پھر بھی ہمیں مخصوص نشستیں نہیں دی جارہیں، عمران خان

صدر مملکت نے اجلاس نہ بلا کر درست کیا، ظلم سے پارٹی ختم ہونے کے بجائے مضبوط جماعت بن گئی، شریف خاندان کی سیاست کا جنازہ نکل گیا

مشاورت کے بعد آئی ایم ایف کو خط بھیج دیا جائیگا، خط میں لکھیں گے سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں، بانی پی ٹی آئی کی صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے کہا ہے کہ مشاورت کے بعد عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کو خط بھیج دیا جائے گا، خط میں لکھیں گے سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 20 نشستوں والے کو وزیراعظم بنایا جارہا ہے، چیف الیکشن کمشنر کا استعفیٰ ضرور بنتا ہے۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ پارٹی جیتی ہوئی ہے مگر (بقیہ نمبر 33)

پی ٹی آئی کا 2 مارچ کو دیگر جماعتوں سے ملکر دھاندلی کیخلاف احتجاج کا اعلان

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی وہ پراعتماد ہیں، حالیہ الیکشن میں دھاندلی نہیں دھاندلا ہوا ہے، ایک جنبش قلم نے ہماری نشستوں پر ضرب لگادی

ہم لوگ عدالتوں اور اسمبلیوں میں بھی احتجاج کریں گے، ہماری لڑائی حق اور سچ کی لڑائی ہے، ہمارے پاس فارم 45 موجود ہیں، عمر ایوب کی گفتگو

اسلام آباد (میڈیا ورلڈ لائن) ملک بھر میں الیکشن میں مبینہ دھاندلی کے خلاف پی ٹی آئی دیگر جماعتوں سے مل کر 2 مارچ کو احتجاج کرے گی۔ پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری عمر ایوب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی ہے وہ پراعتماد ہیں، حالیہ الیکشن میں دھاندلی نہیں دھاندلا ہوا ہے، ایک جنبش قلم نے ہماری نشستوں پر ضرب لگادی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا ہے، کل بھی لودھراں میں (بقیہ نمبر 16)

افغانستان میں ایک اور مجرم کو سرعام سزائے موت

قتل کے مجرم کو مقتول کے خاندان کے سامنے پانچ بار گولی ماری گئی، حکام

کابل (این این آئی) طالبان حکام نے بتایا ہے کہ طالبان حکام نے سپورٹس سٹیڈیم میں ایک مجرم کو گولی مار کر سرعام سزائے موت دے دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (بقیہ نمبر 17)

ایئر ایمبولینس منصوبہ مریم نواز

کا انیشیٹو نہیں، راجہ بشارت

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر قانون پنجاب راجہ بشارت نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 18)

پی ٹی آئی کے سینیٹرز کی سینیٹ اجلاس سے

واک آؤٹ کے بعد واپسی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹرز نے پارٹی کی (بقیہ نمبر 19)

Ceremony
Murtaz

وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کراچی، ایئر ٹیکسی سروس کا آغاز، سندھ،

بلوچستان کے ایئرپورٹس کیلئے دستیاب

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایئر ٹیکسی سروس کا آغاز ہوگیا، ابتدائی طور (بقیہ نمبر 20)

مردان، پشاور میں فائرنگ، ایس پی اور اہلکار شہید، ڈی ایس پی سمیت 4 زخمی

مردان میں دہشتگردوں نے پولیس پر فائرنگ کردی نتیجے میں ایس پی اعجاز خان شہید ہوگئے

پشاور / مردان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر مردان اور صوبائی دارالحکومت پشاور میں فائرنگ سے سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس پی) اور ایک اہلکار شہید اور ڈی ایس پی سمیت 4 اہلکار (بقیہ نمبر 26)

امریکا، چین، برطانیہ میں پاکستانی برآمدات کے حوالہ سے سرفہرست

جولائی سے لیکر جنوری تک کی مدت میں امریکا کو مجموعی 3.210 ارب کی برآمدات ریکارڈ کی گئیں

کراچی (این این آئی) امریکا، چین اور برطانیہ جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں (بقیہ نمبر 25)

منی لانڈرنگ کیس، مونس الٰہی کی اہلیہ

سمیت دیگر کے وارنٹ گرفتاری جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے منی لانڈرنگ کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما، سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی (بقیہ نمبر 24)

حیدرآباد، مختلف جماعتوں کے کارکن احتجاج کررہے ہیں

ٹیکس نیٹ وسیع کرنے کیلئے پوائنٹ آف سیلز کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان سمیت 8 شہروں میں پہلے مرحلے میں رجسٹریشن ہوگی، ایف بی آر

کراچی (این این آئی) ٹیکس نیٹ وسیع کرنے کیلئے پوائنٹ آف سیلز کا دائرہ کار تمام سیکٹرز تک بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہسپتال، لیبارٹریز، ڈاکٹرز، میڈی (بقیہ نمبر 23)

بینک آف امریکا نے پاکستان کے ڈالر بانڈ کا درجہ بڑھا دیا

عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ، سیاسی بے یقینی ختم، پاکستانی بانڈ اچھا قرار دیا جانے لگا ہے، بلوم برگ

کراچی (این این آئی) بینک آف امریکا نے پاکستان کے ڈالر بانڈ کا درجہ مارکیٹ ویٹ سے بڑھا کر ہیوی ویٹ کردیا ہے۔ بینک آف امریکا کے مطابق پاکستان کے ڈالر بانڈ کا (بقیہ نمبر 22)

ہماری خواتین کیساتھ جو سلوک ہو رہا ہے وہ

کل کسی کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے، سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 31)

پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والی خواتین کیساتھ

ہونیوالے رویے کی جے یو آئی کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے پاکستان تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والی خواتین کے ساتھ ہونے والے رویے (بقیہ نمبر 30)

زیادہ تر اسلامی ممالک میں 10 مارچ کو

رمضان کا چاند نظر آنے کا امکان

کراچی (این این آئی) زیادہ تر اسلامی ممالک میں 10 مارچ بروز اتوار کو رمضان المبارک کا چاند نظر آنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 28)

ن لیگ کا ساتھ صرف جمہوریت

کو ڈی ریل ہونے سے بچانے

کیلئے دیا، قادر مندوخیل

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما قادر مندوخیل نے کہا ہے کہ ن لیگ کا ساتھ صرف جمہوریت کو ڈی ریل ہونے سے بچانے کیلئے دیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے قادر (بقیہ نمبر 27)

عوام میں انتخابات پر مایوسی، حکومت چلانا مشکل ہوگا، شاہد خاقان عباسی

حالات کا تقاضا ہے سب جماعتوں کو ملا کر قومی حکومت بنائی جائے، سابق وزیراعظم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ عوام میں انتخابات پر مایوسی ہے، حکومت چلانا مشکل ہوگا، حالات کا تقاضا ہے کہ سب جماعتوں کو ملا کر قومی حکومت بنائی جائے۔ ایک انٹرویو میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کیا (بقیہ نمبر 32)

وفاقی وزیر توانائی محمد علی سے ترکمانستان کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

مخصوص نشستوں کے فیصلے تک قومی اسمبلی اجلاس نہیں ہوسکتا، بیرسٹر گوہر

عوام نے مینڈیٹ دیا ہے، الیکشن کمیشن بھی عوامی مینڈیٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ سنائے

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ مخصوص نشستوں کے فیصلے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہیں ہوسکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی امیدواروں نے آزاد حیثیت میں الیکشن لڑا، آزاد امیدواروں نے دو (بقیہ نمبر 29)

پاک فوج نے ایل او سی پر جاسوسی کرنے والا بھارتی کواڈ کاپٹر مار گرایا

پاک فوج کو بھارتی فضائیہ کے کواڈ کاپٹر کی باقیات پاکستانی علاقے سے مل گئیں، کواڈ کاپٹر پر بھارتی فضائیہ کے ایک یونٹ کا نشان بھی موجود ہے

2019 میں پاک فوج نے بھارت کے 3 ڈرون مار گرائے تھے، اس میں پہلا کواڈ کاپٹر سال کے پہلے دن یعنی یکم جنوری کو باغ سیکٹر میں گرایا گیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر بھارتی فوج کا ایک اور جاسوس کواڈ کاپٹر مار گرایا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 26 فروری کو پاکستان کی جاسوسی کرنے والے بھارتی فضائیہ کے کواڈ کاپٹر کو مار گرایا گیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاک فوج کو بھارتی فضائیہ کے کواڈ کاپٹر کی باقیات پاکستانی علاقے سے مل گئیں، کواڈ کاپٹر پر بھارتی فضائیہ کے ایک یونٹ (بقیہ نمبر 21)

غزہ، اسرائیلی جارحیت کے بعد تباہی کا منظر

کراچی، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

وزیراعلیٰ مریم نواز کی حلف برداری کی تقریب

پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف 220 ووٹ لیکر پنجاب اسمبلی میں قائد ایوان منتخب ہوگئیں، وہ ملکی تاریخ میں پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلی ہیں، نومنتخب وزیراعلیٰ مریم نواز کی حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس لاہور میں ہوئی جس میں گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے ان سے حلف لیا۔ پیر کے روز وزیراعلی پنجاب کے انتخاب کے لئے اسمبلی کا اجلاس آدھے گھنٹے کی تاخیر سے سپیکر ملک احمد خان کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پنجاب اسمبلی میں قائد ایوان کے انتخاب کے لئے دو امیدواروں مسلم لیگ (ن) کی مریم نواز شریف اور سنی اتحاد کونسل کے رانا آفتاب میں مقابلہ تھا۔ سیکرٹری اسمبلی کی جانب سے ووٹنگ کا طریقہ کار بتایا گیا اور کہا گیا کہ 5 منٹ کے وقفے کے بعد اسمبلی کے دروازے بند کر دیئے جائیں گے۔ ووٹنگ کا طریقہ کار بتائے جانے کے کچھ دیر بعد ہی سنی اتحاد کونسل کے اراکین نے شور شرابہ شروع کر دیا جس پر سپیکر ملک احمد خان نے کہا کہ جو کچھ ہوگا آئین کے مطابق ہوگا۔ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں شور شرابہ کے درمیان سنی اتحاد کونسل کے اراکین نے رانا آفتاب کو بات کی اجازت نہ ملنے پر ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے اراکین کو اپنی نشستوں پر بیٹھنے کا کہا۔ اس موقع پر مریم نواز نے کہا کہ ہار جیت سیاست کا حصہ ہے واک آؤٹ نہیں کرنا چاہیے، چاہتے ہیں کہ سب ملکر چلیں، ہاریں یا جیتیں مقابلہ کریں، یہ جمہوریت کا حسن ہے، اپوزیشن کو بلوا کر بولنے کا موقع دیں۔ مریم نواز نے سپیکر سے درخواست کی کہ پہلے کوشش کی جائے کہ اپوزیشن کو لیکر آئیں، ہم چاہتے ہیں سب ملکر چلیں، ایسے واک آؤٹ کرنا مناسب نہیں

وطن عزیز سمیت تحصیل سرائے عالمگیر کو پولیو فری بنانا اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر چوہدری محمد اکمل

سرائے عالمگیر) نامہ نگار) وطن عزیز سمیت تحصیل سرائے عالمگیر کو پولیو فری بنانا اولین ترجیح ہے تمام سرکاری محکموں علما کرام اور اساتذہ کو اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا مشترکہ کوششوں سے ہی پولیو وائرس کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے انسداد پولیو مہم کو بار بار دہرانے کا مقصد اس وائرس کا یکسر خاتمہ کرنا ہے والدین اپنے 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے ضرور پلوائیں اور پولیو ٹیمیں بچوں کو وٹامن اے کے کیپسول بھی دے رہی ہیں یہ باتیں اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر چوہدری محمد اکمل نے، سب رجسٹرار شمشیر حیدر رانجھا اور اپنے عملے کے ہمراہ تحصیل سرائے عالمگیر کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس اور یونین کونسلوں کی چیکنگ کے موقع پر میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہیں اس موقع پر انہوں نے انسداد پولیو مہم میں حصہ لینے والی پولیو ٹیموں کے کام کو چیک کیا اور انکے ریکارڈ کا بھی معائنہ کیا انہوں نے دیہی علاقوں میں بچوں کی کوریج کو بھی چیک کیا

میرے لیے شہرت سے زیادہ اہم ذہنی سکون ہے، کرینہ کپور

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ میں 'بیبو' کے نام سے مشہور معروف اداکارہ کرینہ کپور نے کہا ہے کہ اگر زندگی میں ذہنی سکون نہیں ہو تو پیسہ، شہرت، کیریئر، شوہر اور بچوں کے ساتھ رہتے ہوئے بھی آپ خوش نہیں رہ سکتے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرینہ کپور نے اپنے حالیہ انٹرویو میں 'ذہنی سکون اور ذہنی خوشی' کی اہمیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے خیال میں ہر مرد اور عورت کے پاس فیملی، شہرت، پیسہ اور کیریئر ہوسکتا ہے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ میرے پاس جو کچھ ہے، اُن میں سب سے اہم ذہنی سکون اور خوشی ہے۔ کرینہ کپور نے کہا کہ میں ذہنی سکون کی وجہ سے خوش رہتی ہوں اور یہی میرے لیے سب سے اہم ہے کیونکہ میرا ماننا ہے کہ اگر کسی عورت کی زندگی میں ذہنی سکون نہ ہو تو وہ شہرت، پیسہ، کیریئر شوہر اور بچوں کے ساتھ رہتے ہوئے بھی خوش نہیں رہ سکتی۔ اداکارہ نے کہا کہ اس لیے میرے لیے یہ سب سے اہم چیز ہے اور میں ہر عورت کو یہی مشورہ دیتی ہوں کہ اگر آپ کی زندگی میں ذہنی سکون ہے تو آپ بہت خوش قسمت ہیں، اس کی حفاظت کریں۔

شازیہ منظور کا لائیو شو میں کامیڈین شیری ننھا پر تشدد، ویڈیو وائرل

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی گلوکارہ شازیہ منظور نے مزاح کرنے پر لائیو شو کے دوران کامیڈین شیری ننھا کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ حال ہی میں شازیہ منظور نے ایک مزاحیہ پروگرام میں شرکت کی جہاں گلوکارہ نے کامیڈین شیری ننھا کو ان کے ساتھ نامناسب انداز میں بات کرنے پر تھپڑ رسید کیا، شازیہ منظور نے کہا کہ میں نے پچھلی بار بھی ان کی نامناسب جگت کو مزاح کہہ کر عوام کے سامنے پیش کیا تھا لیکن اس بار میں سنجیدہ ہوں، آپ خواتین کے ساتھ اس طرح کی بات کیسے کرسکتے ہیں؟ شو کے میزبان اور دیگر کامیڈین بھی گلوکارہ شازیہ منظور کو پرسکون کرنے کی کوشش کرتے رہے لیکن اُن کا غصہ کم نہیں ہوا، شازیہ منظور کے اس رویے پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملے جلے تبصرے کیے جارہے ہیں، تاہم بعدازاں شازیہ منظور، شو کے میزبان اور کامیڈین نے بتایا کہ یہ سب ڈرامہ تھا، گلوکارہ نے مذاق میں شیری ننھا پر تشدد کیا تھا۔

کالا جادو ہر کلچر میں پایا جاتا ہے، اجے دیوگن

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اسٹار اجے دیوگن نے کہا ہے کہ کالا جادو، نظر بد اور جنات ہر مذہب یا کلچر میں پائے جاتے ہیں جبکہ وہ خود بھی کئی بار جنات اور اوپری اثرات کو محسوس کرچکے ہیں۔ اجے دیوگن اپنی نئی ہارر فلم 'شیطان' کے ساتھ ہارر فلموں کی دنیا میں قدم رکھ رہے ہیں، اس فلم میں اُن کے ساتھ آر مادھون اور جیوتیکا مرکزی کردار میں ہوں گی۔ فلم 'شیطان' کے ٹریلر لانچ کے موقع پر اجے دیوگن نے ہارر فلمیں کرنے میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور بتایا کہ وہ کالے جادو، جنات اور نظر بد پر یقین رکھتے ہیں۔ اجے دیوگن نے کہا کہ میں ایک طویل عرصے سے ہارر فلمیں کرنا چاہتا تھا، مجھے اس طرح کی فلمیں کرنا پسند ہیں کیونکہ کالا جادو ہر ثقافت میں ہوتا ہے، پھر چاہے آپ کا تعلق کسی بھی مذہب یا کسی بھی کلچر سے ہو۔ اداکار نے کہا کہ یہ فلم ہر اس شخص اور اس خاندان کے لیے ہے، جنہوں نے اپنی زندگی میں کالے جادو یا جنات کا تجربہ کیا ہے اور میں بھی انہی لوگوں میں سے ایک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے کیریئر کے شروعات کے 10 سے 12 سالوں کے دوران بہت زیادہ غیر معمولی سرگرمیاں دیکھی ہیں۔

عمرہ شریف روانگی پر ہم علامہ نوید اقبال چشتی کو مبارک باد پیش کرتے ہیں حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری

ننکانہ صاحب (غلام سرور) عمرہ شریف روانگی پر ہم علامہ نوید اقبال چشتی کو مبارک باد پیش کرتے ہیں حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری تفصیلات کے مطابق ناظم انجمن طلبا اسلام ضلع ننکانہ صاحب، صدر ننکانہ نعت کونسل حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری نے علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی کو عمرہ شریف روانگی پر مبارک باد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ اس پاکیزہ سفر میں اور دوران عمرہ شریف ادائیگی پر مانگی ہوئی ہر دعا کی قبولیت کی دعا کرتے ہیں۔ اللہ تعالی یہ مبارک سفر بار بار نصیب فرمائے اور ہر مسلمان کو اللہ کریم یہ سعادت نصیب فرمائے آمین

سرگودھا، رمضان المبارک میں فول پروف جامع سیکورٹی پلان ترتیب دیا جائے، آر پی او شارق کمال صدیقی

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے) سرگودھا، رمضان المبارک میں فول پروف جامع سیکورٹی پلان ترتیب دیا جائے۔ آر پی او شارق کمال صدیقی نے تمام اضلاع کے ڈی پی اوز کو رمضان المبارک کی سیکورٹی کے حوالے سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام مساجد اور عوامی اجتماع کے مقامات کا سیکورٹی کے حوالے سے از سر نو جائزہ لیا جائے۔ امن کمیٹیوں اور دیگر اداروں سے مشاورت کر کے قبل از وقت منصوبہ بندی کی جائے۔ ہنگامی صورتحال سے نپٹنے اور دستیاب وسائل کے بہترین استعمال کے لیے حکمت عملی وضع کی جائے۔ رمضان بازار کی حفاظت کے لیے سول انتظامیہ کے ساتھ مل کر لائحہ عمل تشکیل دیا جائے۔ سیکورٹی انتظامات میں مزید بہتری کے لیے سفارشات مرتب کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوائی جائیں تا کہ ان پر بروقت عملدرآمد کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ شرپسند عناصر کی نگرانی اور ان کے انسداد کے لیے سرچ آپریشن بھی کیے جائیں۔

سماجی شخصیت حاجی محمد اسلم انصاری سابقہ چیئرمین بلدیہ ملک محمد شریف چیف ایگزیکٹو النور پمپ حاجی نزیر احمد عمرہ کی سعادت حاصل کی

کمالیہ) نامہ نگار) سماجی شخصیت حاجی محمد اسلم انصاری سابقہ چیئرمین بلدیہ ملک محمد شریف چیف ایگزیکٹو النور پمپ حاجی نزیر احمد عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس پہنچنے پر پریس کلب کے معزز ممبران سینئر صحافی امجد سعید سینئر صحافی ندیم اللہ چوہدری صحافی ڈاکٹر مستنصر اقبال صحافی مہر آفتاب خان سیال صحافی طارق رحمان گجر سمیت دیگر شخصیات نے انہیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی

الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان جیسا کہ دنیا بھر میں ویلفیئر کے مختلف کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہے

INTEREST FREE LO
INTEREST F

شیخوپورہ (ڈویژنل بیورو چیف) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان جیسا کہ دنیا بھر میں ویلفیئر کے مختلف کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہے چنانچہ شیخوپورہ میں بھی الخدمت فاؤنڈیشن اپنی خدمات بھرپور طریقے سے سرانجام دے رہی ہے الخدمت فاؤنڈیشن نہ صرف یتیم بچوں، بیواؤں، غریب اور مستحق افراد کے لیے بلکہ تعلیم سے محروم بچوں کے لیے بھی میں کام کر رہی یہاں تک کہ بے سہارا خواتین کے لیے مواخات کا ایک پروگرام بھی میں چلا رہی ہے مواخات کے اس پروگرام تحت شیخوپورہ میں آج ضرورت مند خواتین کو قرض حسنہ دینے کی ایک تقریب دفتر الخدمت فاؤنڈیشن شیخوپورہ میں منعقد ہوئی جس میں ضلع بھر سے آئی ہوئی خواتین کو قرض حسنہ کے چیک دیے گئے آج کے اس پروگرام میں ڈائریکٹر مواخات محترم حاجی شوکت ناز اور سیکرٹری جنرل الخدمت فاؤنڈیشن ضلع شیخوپورہ طارق محمود قریشی نے شرکت کی اور خواتین میں چیک تقسیم کیےاس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے طارق محمود قریشی نے کہا کہ الخدمت بلا کسی سیاسی، علاقائی اور خاندانی تفریق کے ضرورت مند خواتین کی اسی طرح مدد کرتی رہے گی جماعت اسلامی کے رہنما انجینئر اکرم اور شہباز واہلہ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے طارق محمود قریشی نے بتایا کہ شیخوپورہ میں آرفن بچوں کے علاوہ، کام کرنے والے بچوں کے لیے بھی ایک سینٹر قائم کیا گیا ہے اور اسی طرح کا ایک سینٹر انشااللہ جلد ہی الخدمت فاؤنڈیشن فیروز وٹوواں میں بھی قائم کرے گی

پٹرولنگ پولیس گوجرانوالہ ریجن کا اشتہاری مجرمان ناجائز اسلحہ ہولڈرز منشیات فروشوں سامان آتش بازی چوری شدہ کاریں چوری شدہ موٹر سائیکل رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (ریجنل پٹرولنگ آفیسر عرفان الحق سلہریا کی ہدایت پر ڈی ایس پیز کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اسی تناظر میں پٹرولنگ پولیس پوسٹ بھلی والہ کی پٹرولنگ ٹیم نے ریاض شاہد سے ناجائز رائفل 223 بور اور گولیاں برآمد کیں جبکہ پٹرولنگ پولیس پوسٹ کوٹلہ کی پٹرولنگ ٹیم نے ارباب سے ناجائز پسٹل اور گولیاں برآمد کیں جبکہ پٹرولنگ پولیس ٹیم کھمرانوالہ نے قلب عباس سے 510 گرام چرس برآمد کی جبکہ پٹرولنگ پولیس ٹیم اگوکی اور اکبر چوک کی پٹرولنگ ٹیموں نے چار کس ملزمان سے سات لیٹر شراب برآمد کی جبکہ پٹرولنگ پولیس ٹیم ساہووالہ نے نور نامی شخص سے بڑی تعداد میں سامان آتشبازی برآمد کیا۔ علاوہ ازیں پٹرولنگ پولیس ٹیموں نے جدید ٹیکنالوجی ای پولیس ایپ کے ذریعے 06 کس اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا، دو چوری شدہ کاریں اور 08 چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کیے۔ ریجنل پٹرولنگ آفیسر عرفان الحق سلہریا کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے سخت اقدامات اپنائے جا رہے ہیں بلا امتیاز کاروائیاں جاری ہیں

روحانی اجتماعات دین اسلام کے قریب اور آگاہی کا سبب بنتے ہیں، مولانا حافظ محمد رفیق قادر

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (روحانی اجتماعات دین اسلام کے قریب اور آگاہی کا سبب بنتے ہیں آج صرف ذلت و رسوائی کا سبب یہ ہے کہ ہم نے خدا اور رسول سے رشتہ توڑ لیا ہے آج ضرورت ہے کہ اطاعت مصطفٰی کی شمع جلاکر اسلام سے عملی وفاداری کا ثبوت بہم پہنچایا جائے لہذا ہمیں روحانی اقدار سے راہنمائی لینی چاہیے روحانیت مردہ دلوں کو زندہ کرتی اور گمراہوں کو راہ ہدایت پر گامزن کرتی ہے ان خیالات کا اظہار جماعت اہل سنت پاکستان کے ناظم اعلی مولانا حافظ محمد رفیق قادری نے مرکز انوار المساجد پاپولر نرسری میں انجمن خدام الاسلام پاکستان کے سالانہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے حاضرین پر ضرور دیتے ہوئے کہا کہ وہ خود کو بلا تاخیر اسلام سے علمی اور عملی طور پر وابستہ کر لیں کیونکہ اس صورت ہم دنیا و آخرت میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔ نظامت و نقابت کے فرائض صاحبزادہ حافظ محمد ابوبکر رفیق قادری نے سرانجام دیئے۔ تقریب میں معروف قراء و ثناخوان کے علاوہ ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھر پور شرکت کی۔ اجتماع میں خدام الاسلام کے کارکنان کے علاوہ کثیر تعداد میں احباب محبت نے شرکت کی آخر میں ناظم جماعت نے وطن عزیز کی سالمیت بقا اور عالم اسلام کے لئے خصوصی دعا کی۔ کیپشن تصویر۔ گوجرانوالہ۔ جماعت اہل سنت پاکستان کے ناظم اعلی مولانا حافظ محمد رفیق قادری، صاحبزادہ ابوبکر رفیق ودیگر مقررین مرکز انوار المساجد پاپولر نرسری میں انجمن خدام الاسلام پاکستان کے سالانہ اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔

قصور سابقہ رنجش کی بنا پر مقتول کے بھائی نے احاطہ کچہری میں پیشی پر آئے ملزم پر فائرنگ کردی

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس سے) تفصیلات کے مطابق تلونڈی کے نواح کھوکی کے رہائشی اعجاز ڈوگر نے ایک سال قبل فریاد کے بھائی سجاد ڈوگر کو قتل کردیا تھا گزشتہ روز اعجاز ڈوگر پیشی پر کچہری چونیاں آیا جسے مقتول سجاد کے بھائی فریاد ڈوگر نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا جبکہ فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ احاطہ کچہری میں حالیہ ماہ کے اندر آٹھ افراد کو گولیاں ماردی گئیں جبکہ دو افراد جاں بحق ہوئے۔ پولیس نے قاتل فریاد ڈوگر کو موقع پر گرفتار کر لیا صدر چونیاں بار اسعد جمال اکبری کی زیر قیادت ہنگامی اجلاس میں اس واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیکورٹی اداروں کی کارکردگی پر بہت بڑا سوالیہ نشان قرار دیا۔ عوامی و سماجی حلقوں نے احاطہ کچہری میں ناقص سیکورٹی انتظامات پر پولیس چوکی کے قیام کا مطالبہ کیا ہے۔

ملک وقوم کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے دھرتی کے عظیم سپوتوں کو آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں خراج عقیدت پیش کرنے کا سلسلہ جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) ملک وقوم کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے دھرتی کے عظیم سپوتوں کو آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں خراج عقیدت پیش کرنے کا سلسلہ جاری بٹالین کمانڈر جناب مجید اختر صاحب کی ہدایت پر ڈی ایس پی سیکورٹی جناب عبدالعزیز ملک نے ضلع چکوال کے رہائشی شہید کانسٹیبل مدثر حسین ولد ملازم حسین کی سالانہ برسی کے موقع پر شہید کے مزار پر جا کر سلامی پیش کی اور درجات بلندی کی دعا کی۔ شہدا پولیس ہمارا فخر ہیں جنہوں نے اپنا آج قربان کر کے ہمارا کل محفوظ بنایا۔

فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی، شعبہ نیوروسرجری میں خواتین کو بااختیار بنانے بارے سیمینار

لاہور (خبرنگار) فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے شعبہ نیوروسرجری کے زیر اہتمام خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے ڈین نیوروسائنسز پروفیسر عبدالحمید کی سربراہی میں بین الاقوامی سطح پر شعبہ نیوروسرجری میں خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے بطور سرپرست اعلیٰ شرکت کی۔ ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل پروفیسر ڈاکٹر بلقیس شبیر نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ سیمینار میں بین الاقوامی نیورو سرجنز کے وفد بشمول پروفیسر گیل روسو، کلینیکل پروفیسر آف نیوروسرجری، جارج واشنگٹن یونیورسٹی)ڈی سی واشنگٹن(نے بطور گیسٹ سپیکر اور پروفیسر چڑ موٹ، پروفیسر آف نیورولوجیکل سرجری اینڈ ریڈی ایشن، یونیورسٹی آف میساچوسٹس میڈیکل سکول اور پروفیسر فرانکو سرویڈی، اعزازی صدر ورلڈ فیڈریشن آف نیوروسرجیکل سوسائٹیز (WFNS) پروفیسر آف نیوروسرجری ڈیپارٹمنٹ، ہیومینیٹیز کلینیکل اینڈ ریسرچ سنٹر (Italy) نے بطور گیسٹ آف آنر شرکت کی۔ علامہ اقبال میڈیکل کالج کے ریٹائرڈ، سینئر پروفیسر نوید اشرف نے خصوصی معاون کے طور پر خدمات سرانجام دیں۔ شعبہ نیوروسرجری کے ماہرین میں پروفیسر آصف بشیر، پروفیسر فوزیہ سجاد اور پروفیسر شہزاد حسین نے بطور گیسٹ شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر خالد مسعود گوندل نے کہا تھا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی منفرد خصوصیات کی حامل ہے جن میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے پرو وائس چانسلر پروفیسر کامران خالد خواجہ کو بہترین یونیورسٹی ٹیچر ایوارڈ کا ملنا، تھیلیسیمیا اور دیگر جینیاتی بیماریوں کے سب سے بڑے انسٹی ٹیوٹ کا قیام، فاطمہ جناح المنائی ایسوی ایشن کی سیلاب زدہ علاقوں میں بے مثال خدمات اور کورونا وبا کے دوران ٹیلی میڈیسن ڈیپارٹمنٹ کا قیام شامل ہیں جس کی وجہ سے ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل پروفیسر ڈاکٹر بلقیس شبیر کو صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں بہت جلد آرٹیفیشل انٹیلیجنس ڈیپارٹمنٹ کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے شعبہ نیوروسرجری میں صحت کی جدید ترین سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور شعبہ نیوروسرجری کی مدد سے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان میں نیوروسرجری کی ٹریننگ میں اصلاحات کی جا رہی ہیں۔ پرنسپل پروفیسر نورین اکمل نے بین الاقوامی وفد سمیت تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے فاطمہ جناح میڈیکل کالج کے حوالہ سے مختصر بریفنگ دی۔ شعبہ بچگان کے سربراہ پروفیسر نوید اکبر ہوتیانہ نے اسپائنا بائیفیڈا (Spina Bifida) کے بارے میں شرکا کو آگاہ کیا۔ پروفیسر گیل روسو نے خطاب میں انڈر گریجویٹ طالبات کے جوش و جذبے کی بہت تعریف کی۔ انہوں نے فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی بے مثال خدمات کا بخوبی اعتراف کیا اور کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان کی نمایاں خدمات اور اعلیٰ صلاحیتوں کو بھی سراہا۔ انہوں نے عالمی ادارہ صحت میں G4 اتحاد کی ایک رکن محترمہ پریانکا ماتھر کے اسپائنا بائیفیڈا کی روک تھام کے لیے لازمی جز فولک ایسڈ فوڈ فورٹیفیکیشن کی اہمیت پر بیان کا حوالہ بھی دیا۔ انہوں نے بین الاقوامی نیورو سرجری کے تحت بہترین نیوروسرجری کی سہولیات کی فراہمی ہر ایک کے لئے اور ہر جگہ میسر ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر محمد ندیم، ڈینز پروفیسر نوید اکبر ہوتیانہ، پروفیسر عالیہ زاہد، فیکلٹی ممبران اور طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کے بعد معزز مہمانوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل کے ہمراہ سر گنگا رام ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس کے بعد مدر اینڈ چائلڈ بلاک میں نئے جدید آپریشن تھیٹر کا افتتاح بھی کیا گیا

سرگودھا، ضلع بھر میں پرائس کنٹرول میکنزم پر بھرپور عملدرآمد جاری ہے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی

abdullah hassan

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے) سرگودھا، ضلع بھر میں پرائس کنٹرول میکنزم پر بھرپور عملدرآمد جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے صارفین کو ریلیف کی فراہمی کے اقدامات کا جائزہ لیا اور کہا کہ صارفین کو اشیاء ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنروں کو سبزی منڈیوں کے مسلسل دورے کر کے پھلوں و سبزیوں کی بولیوں کے عمل کی مانیٹرنگ جاری رکھنے کی ہدایت کی اور کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو مزید متحرک کریں۔ انہوں نے تحصیل پرائس کنٹرول کمیٹیوں کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کرنے اور گرانفروشی و ذخیرہ اندوزی کے موثر خاتمہ کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ نرخ نامے آویزاں نہ کرنے اور زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں کو حوالہ پولیس کیا جائے۔ اجلاس میں شریک اسسٹنٹ کمشنروں نے رمضان پیکج کی تقسیم کے حوالے سے اپنی تیاریوں بارے آگاہ کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محسن صلاح الدین سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے

بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال قصور میں تعینات ہونے والے نئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نیاز احمد نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال قصور میں تعینات ہونے والے نئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نیاز احمد نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا وہ اس سے پہلے سروس ہسپتال لاہور بطور اے ایم ایس ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے وہ کچھ سال پہلے بھی بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور میں بطور ایم ایس تعینات رہ چکے ہے میڈیا نمائندگان سے بات کرتے ہوئے ایم ایس ڈاکٹر نیاز احمد کا کہنا تھا کہ میری دوبارہ قصور میں تعیناتی سے ڈسٹرکٹ بابا بلھے شاہ ہسپتال میں نمایاں تبدیلیاں نظر آئیں گی اور ڈی سی قصور اور سی او ہیلتھ کی گائیڈ لائن اور اپنے عملے کے ساتھ مل کر اس ہسپتال کو تمام ڈسٹرکٹ ہسپتالوں سے معیاری ہسپتال بنا کر دم لیں گے میرے دور میں جس طرح میں نے اور میرے سٹاف نے ڈینگی کیخلاف کام کر کے عزت کمائی ہیاب بھی اللہ پاک میری مدد کرے گا مزید انکا کہنا تھا کہ وہ چوبیس گھنٹے جذبہ خدمت انسانیت کے تحت اپنے سٹاف کے ہمراہ دل وجان اور محنت سے کام کریں گے اور بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال قصور کو پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں ایک نمایاں مقام دلائیں گے اور میں نے اپنے سٹاف کو سختی سے ہدایات کی ہے کہ آنے والے مریضوں کے ساتھ پیار اور محبت سے پیش آئے، اگر کسی مریض کو کوئی مسئلہ یا کوئی پریشانی ہے میرے دروازے چوبیس گھنٹے عوام کے لیے کھولے ہے وہ بلا جھجک میرے آفس آئے اور فرائض میں غفلت اور کوتاہی برتنے والے عملے کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نپٹیں گے۔

عطائی ڈاکٹر افتخار انسانی جانوں کا کھلم کھلا دشمن بن گیا پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن نوٹس لیے

فیصل آباد (ملائکہ نور) اقبال ٹاؤن میں وارث پورہ گول آئسکریم چوک میں عطائی ڈاکٹر افتخار جو کہ ایک غیر تعلیم یافتہ انسان ہونے کے ساتھ ساتھ اہل علاقہ میں نیم حکیم خطرہ جان ثابت ہو رہا ہے عطائی ڈاکٹر افتخار انسانی جانوں کا کھلم کھلا دشمن بن گیا ہے یہ لوگوں کو دوا کے نام پر موت بانٹ رہا ہے ہائی پوٹینسی ادویات کے ساتھ ساتھ نان رجسٹرڈ ادویات کا بھی بلا خوف خطر استعمال کر رہا ہے لوگوں کی زندگیوں کو اس عطائی نے کاغذ کا کھیل سمجھ لیا ہے یہ عطائی ڈاکٹر اپنے کلینک پر غیر رجسٹرڈ ادویات دے کر عوام میں موذی بیماریاں کالا یرقان پیلا یرقان گروں ایڈز اور کینسر جیسی بیماریاں پھیلانے کا ماہر بن گیا ہے اکثر مریض کافی بری حالت میں ہسپتالوں میں پہنچ کر رخ کر چکے ہیں اس عطائی ڈاکٹر کی وجہ سے لوگ موت کے منہ تک جا پہنچے ہے سماجی شخصیات نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن، لاہور کمشنر فیصل آباد ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سی او ہیلتھ ڈاکٹر اسفندیار اور، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اس عطائی کے کلینک کا سرپرائز وزٹ کر کے کلینک کو سیل کیا جائے اور قانونی کاروائی کر کے مقدمہ درج کیا جائے

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد آصف ولد محمد امین بنام لیسکو وغیرہ اشتہار بنام لیسکو بذریعہ چیف ایگزیکٹو لیسکو لیسکو ہیڈ آفس لاہور، ڈپٹی منیجر آپریشنز (XEN) لیسکو ڈویژن چونیاں، اسسٹنٹ منیجر آپریشنز (S.D.O) لیسکو کنگن پور ویسٹ، ریونیو آفیسر لیسکو ڈویژن چونیاں (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 28-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 283 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد امیر ولد قادر جو کہ چک نمبر 283 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں جنت والدہ، قادر والد، بڈھائی زوجہ (پہلے فوت شدگان)۔ فلک شیر، رتلا پسران، غلام فاطمہ دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور۔

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی سردار محمد ولد پھٹل خاں قوم میو ھے کا انتقال وراثت نمبری 18369 رقبہ واقع موضع راجہ جنگ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد پھٹل خاں۔ والدہ دھوپی بی بی۔ اور بیوہ اول اکبری بی بی تینوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ دیگر وارثان میں بیوہ دوئم بتول بی بی زندہ ہے۔ یاسمین دختر متوفی از بطن بیوہ اول اکبری بی بی زندہ۔ بابر سردار پسر زندہ۔ شہباز پسر پہلے فوت شدہ۔ علی مرتضی۔ محمد حنظلہ پسران زندہ۔ اسماء۔ مصباح۔ سمیاء سردار دختران متوفی از بطن بیوہ دوم بتول بی بی زندہ ھیں اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: محمد اقبال بنام محمد جہانگیر وغیرہ درخواست تقسیم اراضی زرعی کھیوٹ نمبر 11 کھتونی نمبر 44 کل رقبہ 25K-18M واقع موضع جمال پہاڑ تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ اخبار اشتہار بنا 1۔ محمد جہانگیر 2۔ محمد اقبال 3۔ محمد اشرف پسر 4۔ زینب بی بی متوفیہ (زوجہ) 5۔ ریاض بی بی 6۔ رانی بی بی دختران ہمایوں خاں 7۔ جہانگیر ولد شمیر 8۔ شیر محمد ولد ماچھیا اقوام للیرہ 9۔ محمد طارق ولد نذیر احمد قوم آرائیں 10۔ سعید احمد 11۔ اللہ رکھا پسران 12۔ نسرین بی بی زوجہ محمد علی 13۔ پروین زوجہ ضمیر صابر دختران جہانگیر اقوام للیرہ ساکنان موضع جمال پہاڑ تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ 14۔ ڈاکٹر محمد طاہر القادری منہاج القرآن انٹر نیشنل ایم ماڈل ٹاؤن لاہور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 29-02-2024 بوقت صبح 9:00 بجے اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب عبدالمجید شاہد صاحب تحصیلدار/ACI قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ھے کہ مسمی محمد صغیر عاصی ولد محمد یار قوم ڈوگر ساکن کھڈیاں خاص تحصیل و ضلع قصور نے بابت درستگی نام ولدیت درخواست گذاری ھے کہ میرے والد محمد یار جسکا رقبہ واقع موضع کھڈیاں ھے پر اسکے والد کی وراثت میں اسکا نام سہواً غلطی سے محمد صغیر عاصی بجائے درست نام محمد عابد جمال درج ہوگیا ھے۔ جبکہ اُسکا درست نام بمطابق شناختی کارڈ محمد عابد جمال ولد محمد یار ساکن موضع کھڈیاں تحصیل و ضلع قصور ھے۔ لہذا اس نے نام درستگی کی استدعا کی ھے۔ لہذا اگر عوام الناس یا کسی دیگر وارث یا ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ نام کی درستگی کا فیصلہ صادر کر دیا جائیگا۔

عاق نامہ

میں اپنے پسر حقیقی محمد صابر کو بوجہ نافرمانی، گستاخی اپنی تمام منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میں اس کے کسی قول و فعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا تمام سرکارے وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر۔ محمد شہباز ولد غلام محمد سکنہ محلّہ نظام آباد نزد مائی ہیر قبرستان تحصیل و ضلع جھنگ

بعدالت جناب محترمہ ناجیہ بتول صاحبہ سینئر سول جج / گارڈین جج گوجرانوالہ

درخواست گارڈین
عنوان۔ آسیہ جاوید بنام عوام الناس

آسیہ جاوید بیوہ جاوید غفور قوم چوہان ساکن محلّہ لال مسجد مین بازار قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 11-03-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

(برائے اخبار اشتہار کاغذات گمشدگی)

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میرا نام عاصمہ زوجہ قیصر زوجہ قیصر ندیم شناختی نمبر 3460153450716 ہے میری اصل اسناد نرسنگ فرسٹ ائیر رزلٹ کارڈ لاہور میں کہیں گم ہوگئی پولیس رپورٹ بھی درج ہے اگر کسی کو پتہ ہو یا کسی کو ملے تو وہ اس پتہ پر ارسال کردے شکریہ المشتہر عاصمہ قیصر زوجہ قیصر ندیم ساکن ڈاکخانہ آدکے چیمہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

(گمشدگی پالیسی کاغذات)

پالیسی نمبر 6047416356 جاری کردہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پاکستان برزندگی مسمی محمد الطاف ولد محمد ریاض گم گئی ہے اگر کسی کو ملے یا اس کی بابت کسی کا کوئی مطالبہ ہو تو تاریخ اشاعت کے ایک ماہ کے اندر اندر منیجر پالیسی ہولڈ سروس کو مطلع کریں اس کے بعد کوئی دعوی قابل قبول نہ ہوگا اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن گوجرانولہ زون

(گمشدگی پالیسی کاغذات)

پالیسی نمبر 6047416356 جاری کردہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پاکستان برزندگی مسمی محمد الطاف ولد محمد ریاض پالیسی گم ہوگئی ہے اگر کسی کو ملے یا اس کی بابت کسی کا کوئی مطالبہ ہو تو تاریخ اشاعت کے ایک ماہ کے اندر اندر منیجر پالیسی ہولڈ سروس کو مطلع کریں اس کے بعد کوئی دعوی قابل قبول نہ ہوگا اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن گوجرانولہ زون

بعدالت جناب سیدہ بانو بخاری صاحبہ سول جج فیملی کورٹ وہاڑی

نوعیت: دعوی دلاپانے خرچہ نان ونفقہ
غزالہ بی بی وغیرہ بنام عبدالواحد وغیرہ

بنام عبدالواحد ولد بشیر احمد، بشیر احمد ولد لال اقوام کھوکھر سکنائے چک نمبر 50/15-L تحصیل میاں چنوں ضلع خانیوال ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 04-03-2024 کو بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اور عذر قابل قبول/سماعت نہ ہوگا۔ مہر عدالت دستخط

بعدالت جناب محترمہ سدرہ گل نواز صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعوی استقرار حق
عنوان۔ ڈاکٹر ناصر محمود بنام بلال وغیرہ

اشتہار بنام۔ بلال ولد محمد نذیر قوم گجر۔ ہارون نذر ولد محمد نذیر قوم گجر۔ محمد نذیر ولد نامعلوم قوم گجر ساکنان مکان نمبر 69 بلاک D جی مگنولیا ضلع گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 29-02-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ سدرہ انیق چوہدری صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعوی استقرار حق
عنوان۔ عبدالرؤف بنام ولید

اشتہار بنام۔ ولید ولد نامعلوم ذات رحمانی ساکن نوشہرہ سانسی نزد مسجد بہار مدینہ محلّہ اجمل ٹاؤن گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 02-03-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب عبداللہ عثمان صاحب AD سیالکوٹ

اپیل
عنوان شازانہ محسن بنام محمد آصف وغیرہ
اشتہار بنام 1 محمد آصف ولد محمد یوسف اعوان ذات ساکن ورسال پور تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 20-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب عبداللہ عثمان صاحب AD سیالکوٹ

اپیل
عنوان سمیرا طاہر وغیرہ بنام طاہر محمود
اشتہار بنام طاہر محمود ولد محمد بشیر قوم آرائیں ساکن فتح گڑھ تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 11-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب خالد محمود صاحب افسر اشتمال/CO موضع راجہ جنگ تحصیل قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفیہ رشیدہ بیگم دختر علم دین قوم آرائیں ھے کا انتقال وراثت نمبری 18366 رقبہ واقع موضع راجہ جنگ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد علم دین۔ والدہ عائشہ بی بی اور خاوند عبدالستار تینوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ دیگر وارثان میں امانت علی۔ عبدالشکور آصف پسران زندہ۔ عبدالغفار پسر بلا زن بلا اولاد پہلے فوت شدہ۔ اشتیاق احمد پسر بھی بلا زن بلا اولاد پہلے فوت شدہ ہے۔ جبکہ عاشق علی پسر پہلے فوت شدہ ہے اسکے وارثان میں شگفتہ نسرین بیوہ زندہ۔ ثناء کرن دختر زندہ ہیں۔ شمیم اختر۔ پروین اختر۔ نسیم اختر دختران متوفیہ زندہ ھیں اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب خالد محمود صاحب افسر اشتمال/CO موضع راجہ جنگ تحصیل قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی نور محمد ولد پھٹل خاں قوم میو ھے کا انتقال وراثت نمبری 18368 رقبہ واقع موضع راجہ جنگ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد پھٹل خاں۔ والدہ دھوپی بی بی دونوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ دیگر وارثان میں خاتون بی بی بیوہ زندہ۔ محمد عثمان۔ محمد شاہد۔ محمد سعد۔ محمد فہد پسران متوفی زندہ۔ طاہرہ بانو۔ سعدیہ پروین۔ سونیا۔ مریم دختران زندہ ھیں اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ پونم عدنان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع
عنوان۔ سندس رانی بنام زین العابدین

اشتہار بنام۔ زین العابدین ولد محمد منشاء قوم رحمان ساکن چک نمبر 36 ار ب بھکوبوالی تحصیل چک جھمرہ ضلع فیصل آباد حال مقیم محلہ افضل ٹاؤن لدھیوالہ وڑائچ ضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 29-02-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

اشتہار نیلام عام

بروئے نوٹس ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجراء بعنوان۔ ZTBL برانچ حجرہ شاہ مقیم بنام۔ محمد اسلم ولد سراج سکنہ خانقاہ والا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں بعدالت جناب محمد شبیر صاحب جج بینکنگ کورٹ ساہیوال نے زیر دستخطی کو کورٹ آکشنر مقرر کر کے جائیداد مرہونہ بالتفصیل جائیداد۔ کھیوٹ نمبر۔ 71 کھتونی نمبر 385 بررقبہ 34 کینال 15 مرلے واقع خانقاہ والا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ریزرو پرائس مبلغ-1701260/- روپے فی ایکڑ، زرڈگری مبلغ-1430805 روپے معہ کاسٹ آف فنڈز وغیرہ کو بذریعہ تاریخ نیلام عام مورخہ 28-3-2024 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے دن موقع پر نیلام کرنے کا حکم صادر فرمایا ہے۔ شرائط نیلام ۔(1) بولی عام ہوگی ہر شخص اپنے شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ بولی میں حصہ لے سکے گا ہر بولی دہندہ کورٹ آکشنر کے پاس موقع پر مبلغ ایک لاکھ روپے (100000) بطور زر ضمانت جمع کرائے گا۔

جو ناکام بولی دہندہ کو اختتام پر واپس کر دیا جائے گا (2) بولی ریزرو پرائس سے شروع کی جائے گی (3) سب سے زیادہ بولی دہندہ کے نام نیلام ختم کر دیا جائے گا جسے بولی کا 25% فیصد بطور زر نیلام موقع پر کورٹ آکشنر کے پاس جمع کرانا ہوگا (4) کامیاب بولی دہندہ بقیہ رقم 15 یوم کے اندر فاضل عدالت میں جمع کروانے کا پابند ہوگا. ورنہ 25% ضمانت / پیشگی بحق سرکار ضبط تصور ہوگا (5) نیلام کی حتمی منظوری فاضل عدالت دے گی۔ جبکہ بیع نامہ کی تصدیق و تکمیل کے اخراجات بذمہ خریدار ہونگے۔ نیلام جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر ہوگا (6) قبضہ جائیداد بعد از اجراء سیل سرٹیفکیٹ فاضل عدالت دلانے کی مجاز ہوگی (7) زیر دستخطی یا فاضل عدالت بلاوجہ بتائے یا نوٹس کسی بولی کو منظور یا منسوخ کرنے یا دوبارہ نیلامی کرنے اور شرائط نیلام میں ہمہ قسم ردوبدل کرنے کے مجاز تصور ہونگے (8) مزید معلومات کے لیے زیر دستخطی یا فاضل عدالت سے دفتری اوقات میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نوٹ: مزید شرائط نیلام موقع پر سنائی جائیں گی

کورٹ آکشنرز
مہر امتیاز احمد ساہمل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
موبائل نمبر-0302-6908559
حسنین اقبال کھوکھر ایڈووکیٹ موبائل نمبر۔0323-7785065
چیمبر نمبر 18 افتخار بلاک ڈسٹرکٹ کورٹ ضلع کچہری ساہیوال

ن لیگ اتحادیوں کی مشاورت مکمل پنجاب بینہ میں کابینہ کی تشکیل دو مراحل میں ہوگی

بیگم ذکیہ شاہنواز، مریم اورنگزیب، خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر، بلال یاسین، مجتبیٰ شجاع الرحمٰن، خضر حسین مزاری، منشاء اللہ بٹ اور عاشق کرمانی میں شامل

نعیم خان بھابھہ، عظمیٰ بخاری، فیصل ایوب، شیر علی گورچانی، احمد خان لغاری، راحیلہ خادم حسین اور سبطین بخاری بھی کابینہ کا حصہ ہوں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب میں کابینہ کی تشکیل دو مراحل میں ہوگی، پہلے مرحلے میں 16 رکنی کابینہ تشکیل دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق 16 رکنی کابینہ کی تشکیل پر ن لیگ اور اتحادیوں کی مشاورت مکمل ہو گئی ہے۔ پنجاب کابینہ میں بیگم ذکیہ شاہنواز، مریم اورنگزیب، خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر، بلال یاسین، مجتبیٰ شجاع الرحمن، خضر حسین مزاری، منشاء اللہ بٹ اور عاشق کرمانی میں شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ نعیم خان بھابھہ، عظمیٰ بخاری، (بقیہ نمبر59)

چیف الیکشن کمشنر، ممبران اور الیکشن کمشنر سندھ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست دائر

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا، ممبران الیکشن کمیشن اور الیکشن کمشنر سندھ کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ درخواست پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن نے سندھ ہائیکورٹ کے تمام احکامات کی خلاف ورزی کر کے توہین عدالت کی ہے، الیکشن کمیشن فارم 45 اور فارم 47 کا تضاد دور نہیں کیا۔

چیئرمین فیڈمک میاں محمد انس جان دورہ چین کے دوران مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

از دفتر ڈسٹرکٹ کونسل جھنگ

اطلاع عام

اتحاد سپریم سٹی موضع کوٹ سائی سنگھ چنیوٹ روڈ تحصیل و ضلع جھنگ

اس نوٹس کے ذریعے عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد شہزاد ولد مختار احمد نے اتحاد سپریم سٹی واقع چنیوٹ روڈ موضع کوٹ سائی سنگھ تحصیل و ضلع جھنگ کے نام سے اسکیم کی منظوری کے لیے ضلع کونسل جھنگ کو درخواست دی ہے۔ اسکیم میں فراہم کردہ مختلف زمروں کے پلاٹوں کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

Area of Mortgage

	Kanal	Marla	sq Ft
total area of scheme	289	14	0
Total Saleable Area			
Residential	149	00	00
Commercial	14	11	00
Total Saleable Area	163	11	00
20% of saleable area	32	16	121
Mortgage Area Provided	32	16	121

اس نوٹس کے ذریعے عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سکیم میں درج ذیل پلاٹ ضلع کونسل جھنگ کے پاس گروی رکھے گئے ہیں ترقیاتی کاموں (سڑکوں کی فراہمی، پانی کی فراہمی سیوریج اور نکاسی آب کا نظام سٹریٹ لائٹ اور بجلی کا نیٹ ورک، گیس کی سہولیات کی فراہمی کے لیے سکورٹی اور باغبانی کے کام)۔ ترقیاتی کام فراہم کرنا اور مکمل کرنا اسکیم کے ڈویلپر کی ذمہ داری ہے۔ ڈویلپر ان پلاٹوں کو اس وقت تک فروخت یا منتقل نہیں کر سکتا جب تک کہ ترقیاتی کاموں کی مقررہ تکمیل کے بعد ان کو واپس نہ لیا جائے۔ رہن رکھنے والوں کی فہرست درج ذیل ہے:

Sr. No.	Plot No.	Dimensions	Qt	Area
1	90-99	40x67.6	10	5k
2	100	40x127.6	1	10M
3	101	61x92.6	1	01K
4	102-103	43'-9"x92' -6"	02	01-10M
5	179 to 180	Different	03	04K-10M
6	275	Different	01	10M
7	276-277	30x45'	02	10M
8	278	36'x45'	01	06M
9	279, 312	33'-6"x50'	02	15M
10	280 to 294 297 to 311	27'x50'	30	07K-10M
11	295,296	33'-10"x50'	02	12M
12	313	24'x75'	01	06K-181.50sft
13	314 to 335	45'x45.	22	04K-08M
14	336	29'-4"x45'	01	04K-242sft
15	337	27'x80'	01	08M
16	338 to 350	27'x50'	13	03K-05M
17	351	37'-6"x50	01	07M
18	352	30'x50'	01	05K-151.25sft
19	353,354	25'x50'	02	09M
			Total Area	32K-16M-121stt

اس نوٹس کے ذریعے عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ رہن والے پلاٹوں کی کسی بھی لین دین، فروخت یا خریداری میں اس وقت تک داخل ہوں جب تک کہ ان کو چھڑا نہ لیا جائے۔

اشتہار نیلام عام

بروئے نوٹس ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجراء بعنوان .ZTBL برانچ بونگہ حیات بنام۔ مقبول احمد ولد محمد شریف سکنہ کوٹ کاہن سنگھ تحصیل و ضلع پاکپتن میں بعدالت جناب محمد شبیر صاحب جج بینکنگ کورٹ ساہیوال نے زیرد ستخطی کو کورٹ آکشنر مقرر کر کے جائیداد مرہونہ بالتفصیل جائیداد۔ کھیوٹ نمبران۔ 54,55 کھتونی نمبران۔ 83،88,89 بررقبہ 95 کینال 17 مرلے واقع کوٹ کاہن سنگ تحصیل و ضلع پاکپتن۔

ریزرو پرائس مبلغ-1700,000/-روپے فی ایکڑ، زرڈگری مبلغ-576059 روپے معہ کاسٹ آف فنڈز وغیرہ کو بذریعہ تاریخ نیلام عام مورخہ 26-3-2024 بروز منگل بوقت 11:00 بجے دن موقع پر نیلام کرنے کا حکم صادر فرمایا ہے۔ شرائط نیلام (1) بولی عام ہوگی ہر شخص اپنے شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ بولی میں حصہ لے سکے گا ہر بولی دہندہ کورٹ آکشنر کے پاس موقع پر مبلغ ایک لاکھ روپے (100000) بطور زرِ ضمانت جمع کرائے گا- جو ناکام بولی دہندہ کو اختتام پر واپس کر دیا جائے گا (2) بولی ریزرو پرائس سے شروع کی جائے گی (3) سب سے زیادہ بولی دہندہ کے نام نیلام ختم کر دیا جائے گا جسے بولی کا 25% فیصد بطور زر نیلام موقع پر کورٹ آکشنر کے پاس جمع کرانا ہوگا (4) کامیاب بولی دہندہ بقیہ رقم 15 یوم کے اندر فاضل عدالت میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ورنہ 25% ضمانت / پیشگی بحق سرکار ضبط تصور ہوگا (5) نیلام کی حتمی منظوری فاضل عدالت دے گی- جبکہ بیع نامہ کی تصدیق و تکمیل کے اخراجات بذمہ خریدار ہونگے- نیلام جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر ہوگا (6) قبضہ جائیداد بعد از اجراء سیل سرٹیفیکیٹ فاضل عدالت دلانے کی مجاز ہوگی (7) زیرد ستخطی یا فاضل عدالت بلاوجہ بتائے یا نوٹس کسی بولی کو منظور یا منسوخ کرنے یا دوبارہ نیلامی کرنے اور شرائط نیلام میں ہمہ قسم ردوبدل کرنے کے مجاز تصور ہونگے (8) مزید معلومات کے لیے زیرد ستخطی یا فاضل عدالت سے دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے- نوٹ! مزید شرائط نیلام موقع پر سنائی جائیں گی

کورٹ آکشنر

[illegible] ایڈووکیٹ ہائی کورٹ،
چیمبر نمبر 230 ڈسٹرکٹ کورٹس ساہیوال
موبائل نمبر 0300-6911244

یونین کیمسائل کو حل کروانے کی بھرپور کوشش کروں گا شیخ عبدالخالق

تمام عہدیداران و ممبران اور چیئرمین ایمرا چوہدری محمد رمضان نے خصوصی شرکت کی

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) یونین کیمسائل کو حل کروانے کی بھرپور کوشش کروں گا شیخ عبدالخالق تفصیلات کے مطابقصدر انجمن تاجران زری یونین گول چکر شیخ عبدالخالق کے اعزاز میں زری یونین نے مقامی ہوٹل میں عشایئے کا اہتمام کیا جس میں زری یونین گول چکر کے تمام عہدیداران و ممبران اور چیئرمین ایمرا چوہدری محمد رمضان نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر نو منتخب صدر شیخ عبدالخالق نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یونین کو درپیش مسائل کے حل کے لئے اور یونین کی ترقی کے لئے ہر ممکن کوشش کروں گا دوکانداروں کے جو بھی مسائل ہوں گے ان کو حل کروائیں گے ہم تمام عہدیداران اور ممبران ایک ہیں اور ہم سب کو ایک ہو کر یونین کی خدمت کرنی چاہیے

ریجنل پاسپورٹ آفس میرٹ اور غیر جانبداری کی اعلی مثال پیش کرنے لگا

اسسٹنٹ ڈائریکٹر سعید عباس کی تعیناتی گوجرانوالہ کے شہریوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے) ریجنل پاسپورٹ آفس میرٹ اور غیر جانبداری کی اعلی مثال پیش کرنے لگا اسسٹنٹ ڈائریکٹر سعید عباس کی تعیناتی گوجرانوالہ کے شہریوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے پاسپورٹ فارم جمع کروانا اور حاصل کرنا اتنا اسان پہلے کبھی نہیں تھا ریجنل پاسپورٹ آفس گوجرانوالہ میں سعید عباس کے تعینات ہونے سے پاسپورٹ فارم جمع کروانے سے لے کر پاسپورٹ کا حصول انتہائی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے عام و خاص کے لیے یکساں طریقہ کار کو رائج کرنا اور اس پر عمل درامد کروانا اسسٹنٹ ڈائریکٹر سعید عباس کی صلاحیت اور ایمانداری کا منہ بولتا ثبوت ہے سعید عباس کی تعیناتی کے ساتھ ہی سفارش اور ٹاٹ مافیا کا مکمل خاتمہ ہو گیا ہے بزرگوں کے لیے علیحدہ ڈیسک کا قیام کیا گیا ہے تاکہ بزرگ شہری بغیر کسی پریشانی کے پاسپورٹ بنوا سکیں۔

ممبر بورڈ آف ریونیو عشرت اللہ نیازی نے گجرات کا دورہ کیا،

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک نے بریفنگ دی

سرائے عالمگیر کے) نامہ نگار) ممبر بورڈ آف ریونیو عشرت اللہ نیازی نے گجرات کا دورہ کیا، ڈپٹی کمشنر کمپلیکس گجرات میں ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک کے ہمراہ ضلع گجرات اور منڈی بہاؤالدین کے ریونیو اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خضر حیات بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو منڈی بہاوالدین ذوالفقار احمد، اسسٹنٹ کمشنر گجرات حیدر عباس، اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں زوہیب ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر محمد اکمل سمیت انچارج اراضی ریکارڈ سینٹرز، تحصیلداران اس موقع پر موجود تھ۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک نے بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ممبر بورڈ آف ریونیو عشرت اللہ خان نیازی نے کہا کہ وراثت، انتقالات پر فوری عملدرآمد کیا جائے، اسٹیمپ ڈیوٹی، آبیانہ، ریونیو محصولات ریکوری کا ہدف 100 فی صد حاصل کیا جائے، شہریوں کو ریونیو کے حوالے سے بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، زیر التوا انتقالات کو فوری منظور کیا جائے، ریونیو کورٹس میں زیر التوا کیسز پر فوری فیصلہ کیا جائے، تمام فیصلے میرٹ پر کیے جائیں، اراضی ریکارڈ سینٹر میں شہریوں کی درخواستوں پر فوری عملدرآمد کیا جائے، انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں ریونیو کو ڈیجیٹلائز کیا جا رہا ہے، ای رجسٹریشن کو پنجاب بھر میں اطلاق کر دیا گیا ہے، پنجاب بھر میں سو فیصد آن لائن رجسٹری کی جا رہی ہے، شہریوں کو ریونیو کے حوالے سے بہترین سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، انہوں نے تحصیل وائز تمام پینڈنگ کیسز کی تفصیلات کے ساتھ ساتھ سٹاف کی تفصیلات حاصل کیں۔ انہوں نے اضلاع کی کارکردگی پر اظہار اطمنان کیا اور کہا کہ ریونیو افسران دفتری اوقات میں اپنے اپنے دفاتر میں موجود رہیں شہریوں کی درخواستوں کو پر بلا جواز اعتراض نہ لگایا جائے، ریونیو محصولات کے حصول کا 100 فی صد ہدف حاصل کیا جائے اسسٹنٹ کمشنرز اپنی اپنی تحصیلوں میں تمام تر معاملات کی نگرانی کریں، ریونیو افسران اراضی ریکارڈ سینٹرز کا باقاعدگی سے دورہ کریں اور بہترین سروس ڈیلیوری پر خصوصی توجہ دی جائے

فارم 45 کے مطابق پانچ ہزار کی لیڈ سے جیت چکا تھا، پاکستان تحریک

انصاف کے نامزد سابق آزاد امیدوار برائے ایم پی اے سعید احمد بھلی

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے نامزد سابق آزاد امیدوار برائے ایم پی اے سعید احمد بھلی کا کہنا ہے کہ فارم 45 کے مطابق پانچ ہزار کی لیڈ سے جیت چکا تھا، انتخابات میں حصہ لینے والے دیگر آزاد امیدوار اور سیاسی جماعتوں کے نامزد امیدواروں نے مجھے جیت کی مبارکباد بھی دی لیکن آر او آفس سے جاری فارم 47 میں میری جیت کو شکست میں بدل دیا گیا جو عوامی مینڈیٹ کی سراسر توہین ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی ایک اہم پریس کانفرنس میں کیا۔ انکا کہنا تھا کہ ہمارے فارم 45 چیخ چیخ کر ہماری جیت کی گواہی دے رہے ہیں ان شا اللہ ہر فورم پر مقابلہ کروں گا۔ سعید احمد بھلی کا مزید کہنا تھا کہ عوامی مینڈیٹ کو ٹھکرا جعلی مینڈیٹ سے منتخب کروائے گئے ممبران اور انکو مبارکباد دینے والے بھی شرم سے عاری نظر آ رہے ہیں اور انہی جعلی مینڈیٹ سے بنائے گئے ممبران کے جعلی ووٹوں سے جعلی وزیر اعلی پنجاب کو بھی سلیکٹ کر دیا گیا جو تاریخ پر ایک بدنما داغ ہے۔ سعید احمد بھلی نے مزید کہا کہ اپنے حلقہ کے چوری شدہ ووٹوں کو برآمد کیا جائے گا اور اپنی عوام کو کبھی مایوس نہیں کروں گا جنہوں نے عمران خان کے سپاہی کو ہزاروں ووٹ دیکر حقیقی معنوں میں منتخب کیا ہے۔

چشتیاں کے نواحی چک 129 مراد کے قریب تین موٹر سائیکل سوار ڈاکوں نے

ڈاہرانوالہ سے اپنے گاں جانے والے زمیندار و کسانوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹ لیا

چشتیاں) تحصیل رپورٹر) چشتیاں کے نواحی چک 129 مراد کے قریب تین موٹر سائیکل سوار ڈاکوں نے ڈاہرانوالہ سے اپنے گاں جانے والے زمیندار و کسانوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹ لیا اور قیمتی موبائل فون، موٹر سائیکل و نقد رقم چھین کر فرار ہوگئے۔ ڈاہرانوالہ پولیس کے مطابق زمیندار عمر فارووق ولد محمد سرور اپنے دوستوں محمد الطاف اور محمد فیض کے ہمراہ ڈاہرانوالہ سے واپس اپنے چک جا رہے تھے کہ جب وہ چک 129 مراد مسافر خانہ کے قریب پہنچے تو ایک موٹر سائیکل پر تین مسلح ڈاکوں نے انہیں روک کر اسلحہ کے زور پر نقد رقم 43 ہزار روپے، قیمتی موبائل فون اور 90 ہزار روپے مالیت کا ہنڈا موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ان کی تلاش شروع کر دی ہے

چشتیاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے

ایک کلو 8 سو گرام چرس اور شراب کی چالو بھٹی کے علاوہ 120 لیٹر دیسی

شراب، 110 لیٹر لہن اور دو پیشہ ور منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا

چشتیاں) تحصیل رپورٹر) چشتیاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایک کلو 8 سو گرام چرس اور شراب کی چالو بھٹی کے علاوہ 120 لیٹر دیسی شراب، 110 لیٹر لہن اور دو پیشہ ور منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ چشتیاں سٹی اے ڈویژن پولیس کے مطابق مخبری کے بعد سڑک کی ناکہ بندی کے نتیجہ میں بخشن خاں سے آنے والے دو موٹر سائیکل سواروں کو روکا تو ایک نوجون فرار ہو گیا جبکہ دوسرے کی تلاشی لینے پر اس کے قبضہ سے ایک کلو 8 سو گرام چرس برآمد کر لی۔ گرفتار ملزم عبدالمجید پٹھان سکنہ بخشن خاں نے پولیس کو بتایا کہ فرار ہونے والا ملزم رانا ماجد سکنہ نور پورہ ہے جس نے دو منشیات فروش خواتین بیٹاں بی بی عرف بیٹو ملک، قیصراں بی بی زوجہ اکرم کھوکھر سکنہ نور پورہ چشتیاں، فیاض عرف بگا رحمانی بھٹہ کالونی چشتیاں، جاوید عرف جیدی سکنہ بھٹہ کالونی چشتیاں پر مشتمل منشیات فروشوں کا ایک گروہ بنا رکھا ہے جو شہر میں منشیات فروخت کرتے ہیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے مفرور ملزم اور دیگر گروہ کے ارکان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کر دئے ہیں۔ شہر فرید پولیس نے مخبری کے بعد چشتیاں کے قریب موضع غلام علی کے منشیات فروش محمد عمران ولد محمد حسین لکھویرا کے مکان کے ساتھ اس کے ساتھی محمد انور ولد اللہ یار لکھویرا کے ہمراہ شراب کشید کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا تو محمد انور فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس نے محمد عمران کو گرفتار کرنے کے علاوہ شراب کی چالو بھٹی و دیگر آلات شرب کشید اور 120 لیٹر دیسی شراب، 110 لیٹر لہن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مفرور ملزم کی تلاش شروع کر دی

لاہور، ن لیگ کی کارکنان خواتین مریم نواز کے وزیراعلیٰ پنجاب بننے پر خوشی میں منعقدہ تقریب میں مٹھائی تقسیم کر رہی ہیں

پنجاب میں اسلحہ لائسنس معطل نہیں کیے جا رہے، وزیراعلیٰ دفتر سے وضاحت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ کے دفتر نے وضاحت کی ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبے میں لاکھوں کی تعداد میں اسلحہ لائسنس معطل کرنے کی خبریں غلط ہیں۔ ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ پنجاب میں اسلحہ لائسنس معطل نہیں کیے جا رہے۔ بیان میں تعلیمی بورڈز کے حوالے سے پھیلنے والی خبروں کی بھی وضاحت کی گئی۔ ترجمان چیف منسٹر آفس نے کہا کہ تعلیمی بورڈ کو ایک ہی صوبائی بورڈ بنانے کا فی الحال فیصلہ نہیں کیا گیا، تعلیمی بورڈز کے بارے میں فی الحال کوئی فیصلہ نہیں ہوا، نہ ہی مریم نواز نے ہدایت جاری کی۔ ترجمان نے کہا کہ میڈیا سے گزارش ہے کہ خبر کی تصدیق نشر کرنے سے پہلے کر لی

کراچی، انٹرمیڈیٹ نتائج میں ردوبدل ،6 ملزمان کی عبوری ضمانت منظور

کراچی (این این آئی) مقامی اینٹی کرپشن عدالت نے انٹرمیڈیٹ کے نتائج میں ردوبدل کے کیس میں نامزد 6 ملزمان کی عبوری ضمانت منظور کر لی ہے۔ عدالت نے سابق چیئرمین انٹر بورڈ سعید الدین، نسیم میمن، سابق کنٹرولر امتحانات انور علیم، ظہیر الدین بھٹو کی عبوری ضمانت منظور کی ہے۔ عدالت نے ملزمان کو 1، 1 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا ہے جبکہ کیس کے تفتیشی افسر (بقیہ نمبر 36)

سعودی عرب میں پہلی بار 3 لیور ٹرانسپلانٹ آپریشن

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے مشرقی شہر دمام کے کنگ فہد سپیشلسٹ ہسپتال کی ایک طبی ٹیم نے دو بچوں اور ایک بالغ شخص کے لیے 3 لیور ٹرانسپلانٹ آپریشن کرنے کیلئے ایک ایسا کارنامہ انجام دیا جس کی دنیا میں کوئی دوسری نظیر نہیں ملتی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ دنیا میں اپنی نوعیت کی پہلی ٹیکنالوجی سمجھی جاتی ہے جو سعودی عرب کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرتی ہے اور اسے زندہ عطیہ دہندگان سے جگر کی پیوند کاری (بقیہ نمبر 37)

معاشی میدان میں کامیابی کیلئے چینی ماڈل کی پیروی کرنا ہوگی، میاں انس

چین کے دورے سے حاصل ہونیوالے تجربات سے استفادہ کیا جائیگا، چیئرمین فیڈمک

لاہور (این این آئی) چیئرمین فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی میاں محمد انس جان نے کہا ہے کہ پاکستان کو معاشی میدان میں کامیابی کیلئے اپنے دوست ملک چین کے معاشی ماڈل کی پیروی کرنا ہوگی، چین کے دورے سے حاصل ہونے والے تجربات سے استفادہ (بقیہ نمبر 34)

انجمن تاجران نے بجلی کی قیمت میں 7 روپے 6 پیسے اضافے کو مسترد کر دیا

نظام میں پائی جانے والی خرابیوں کی قیمت عوام ادا کر رہے ہیں، مرکزی صدر اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 7 روپے 6 پیسے یونٹ مہنگی کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نظام میں پائی جانے والی خرابیوں کی قیمت عوام ادا کر رہے ہیں، بجلی اور گیس کے مہنگے بلوں (بقیہ نمبر 35)

پاکستان میں ہالینڈ کی سفیر مس ہینی ڈی وریس اکزونوبل کا فیصل آباد میں نئے مینوفیکچرنگ پلانٹ کا افتتاح کر رہی ہیں

اکزو نوبل پاکستان کا فیصل آباد میں نئے مینوفیکچرنگ پلانٹ کا افتتاح

تقریب میں پاکستان میں ہالینڈ کی سفیر مس ہینی ڈی وریس اور ندیم بابر مہمان خصوصی تھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پینٹ اور کوٹنگز بنانے والی معروف عالمی کمپنی AkzoNobel پاکستان لمیٹڈ نے پاکستان کے علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی فیصل آباد میں اپنے نئے مینوفیکچرنگ پلانٹ کا باضابطہ افتتاح کر دیا ہے۔ آٹھ ارب پاکستانی روپے (لگ بھگ 28 ملین امریکی ڈالر یا 26 ملین یورو) کی مجموعی سرمایہ کاری کے ساتھ 125 ایکڑ رقبہ پر محیط فیصل آباد پلانٹ پاکستان میں AkzoNobel کی اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔ AkzoNobel کے فیصل آباد پلانٹ کی باضابطہ افتتاحی تقریب میں پاکستان میں ہالینڈ کی سفیر مس ہینی ڈی وریس اور شمس پاور کے چیئرمین ندیم بابر مہمان خصوصی تھے، جبکہ اس موقع پر AkzoNobel کے ڈائریکٹر مینوفیکچرنگ اور سپلائی چین، ساؤتھ ایشیا پیسیفک فریڈ مورکس، گلوبل ڈائریکٹر ہیلتھ، سیفٹی، انوائرمنٹ (بقیہ نمبر 38)

سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور، مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان کا گرینڈ اوورسیز کلب قطر کے صدر عمر بادشاہ و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

مخصوص نشستیں صرف الیکشن لڑنے والی جماعتوں کا حق ہے، ن لیگ

الیکشن کمیشن کے فیصلہ نہ کرنے کا شور مچاتے ہیں، پھر خود ہی التوا مانگتے ہیں، پی ٹی آئی کی اپنی غلطی کی وجہ سے ان کا انتخابی نشان لیا گیا

سنی اتحاد کونسل کو عوام نے ایک سیٹ بھی نہیں دی، ہمیشہ کی طرح تحریک انصاف آئین کی پامالی کی کوشش کر رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے فیصلہ نہ کرنے کا شور مچاتے ہیں، پھر خود ہی التوا مانگتے ہیں، مخصوص نشستیں آئین کے مطابق صرف ان جماعتوں کو ملتی ہیں جو کامیاب ہو کر پارلیمان میں آئیں۔ الیکشن کمیشن کے باہر عطا تارڑ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سنی اتحاد کونسل کو عوام نے ایک سیٹ بھی نہیں دی، ہمیشہ کی طرح تحریک انصاف آئین کی (بقیہ نمبر 39)

بیوی، تین بچوں کو قتل کرنے والے ملزم کی سزائے موت کیخلاف اپیل خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بیوی اور تین بچوں کو قتل کرنے والے ملزم کی سزائے موت کے خلاف اپیل خارج کرتے ہوئے سزائے موت کے فیصلے کی توثیق کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے اپیل پر سماعت کی۔ مجرم کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ مجرم جابر حسین کو ماتحت عدالت نے قانون کے خلاف سزا سنائی، موقع پر کوئی چشم دید گواہ موجود نہیں تھا۔ استدعا ہے کہ عدالت سیشن جج کے (بقیہ نمبر 41)

تنازعہ کشمیر کے منصفانہ حل کے بغیر پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ دیرینہ تنازعہ کشمیر کے منصفانہ حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں امید ظاہر کی ہے کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل عالمی برادری کے ساتھ مل کر نہتے کشمیریوں پر قابض بھارتی فوج کے ظلم وتشدد، انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں اور غیر قانونی نظر بندیوں کا سلسلہ بند کرانے کیلئے بھارت پر دباؤ بڑھائیں۔ انہوں نے کوالگام (بقیہ نمبر 42)

پنجاب بھر کے سکولوں میں زیر تعلیم بچوں میں ڈینگی اور ملیریا پھیلنے کا خدشہ

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سکولوں میں زیر تعلیم بچوں میں ڈینگی اور ملیریا پھیلنے کا خدشہ، حکومت پنجاب نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ پنجاب بھر کے سکولوں میں زیر تعلیم بچوں میں ڈینگی اور ملیریا پھیلنے کے خدشہ کے پیش نظر سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے تمام ایجوکیشن اتھارٹیز کو سکولوں میں وبا کے تدارک کے لئے فوکل پرسنز تعینات کرنے کا حکم دے دیا۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

قومی زبان اُردو کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے، سعدیہ تنویر

اُردو مخالف قوتیں زبان و اَدب کے راستے میں رکاوٹ ہیں، چیئرمین بک لور ایسوسی ایشن

سرگودھا (این این آئی) بک لور ایسوسی ایشن کی چیئرمین سعدیہ تنویر نے کہا کہ قومی زبان اُردو کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے حالانکہ قیامِ پاکستان کی تحریک میں اسلام کے بعد دوسرا بڑا نعرہ اُردو کے نفاذ کا شامل تھا۔ یہی اُردو قومی اتحاد کی ضمانت ہے۔ ذرائع کے مطابق بک لور ایسوسی ایشن کی چیئرمین سعدیہ تنویر نے پروفیسر ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم کے پروگرام میں میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 40)

لاہور، خانہ بدوش گدھا ریڑھی پر مال روڈ سے گزر رہا ہے

علما کرام کا وجود معاشرے کے لئے نعمت عظمٰی ہے، قاری اعظم حسین

دینی مدارس روشنی کے مینار ملکی ترقی و فلاح کے ضامن ہیں، دستار بندی و دعائیہ تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ علما کرام کا وجود معاشرے کے لئے نعمت عظمٰی ہے، دینی مدارس روشنی کے مینار ملکی ترقی و فلاح کے ضامن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مولانا اسامہ صلاح کی دستار بندی و دعائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ملک کے نامور عالم دین مولانا طاہر محمود اور مولانا صلاح (بقیہ نمبر 43)

خیبر میں پولیس پر حملہ دشمنوں کی بزدلانہ کاروائی ہے، سنی علما کونسل

ملکی سلامتی کیلئے قومی یکجہتی ضروری ہے دہشتگردی خاتمے کیخلاف متحد ہونا ہوگا، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ خیبر میں پولیس پر حملہ دشمنوں کی بزدلانہ کاروائی ہے، ملک پاکستان سے انتہاپسندی کے خاتمے کے لیے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے، ملکی سلامتی کیلئے قومی یکجہتی ضروری ہے دہشتگردی خاتمے کیخلاف متحد ہونا ہوگا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ تحصیل کاٹلنگ کے علاقے (بقیہ نمبر 44)

لاہور، روزگار کی تلاش میں اڈہ پر بیٹھے مزدور باتوں میں مصروف ہیں